ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(65)

مورخہ 01.02.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان سلیم اور سراج کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 80 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ عنائتی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان شاہد، پرویز اور صابر شاہین کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 980 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سول لائنز پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 01 ملزمان احسن علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (66)

01.02.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ پولیس آفیسران رواں ماہ بھی محنت اور جانفشانی سے عوام الناس کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے دی گئی ہدایات، ضابطہ اخلاق پر ہر صورت عملدرآمد کرائیں۔رواں ماہ میں اشتہاری ملزمان اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو الیکشن 2024 کے حوالے سکیورٹی، سماج دشمن عناصر کی گرفتاریوں و دیگر معاملات کے متعلق احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ملکی صورت حال کے پیش نظر 08 فروری کو ہونے والے الیکشن کے سلسلہ میں کیئے گئے سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے دی گئی ہدایات، ضابطہ اخلاق پر ہر صورت عمل کروائیں۔ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والے امیدواروں و شہریوں کے خلاف بلا تفریق کاروائی کریں کسی کے ساتھ کوئی رعائیت نہ برتی جائے۔شر پسند عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گرفتاری کو یقینی بنایا جائے تاکہ ایسے عناصر الیکشن پر اثر انداز نہ ہوسکیں۔انہوں نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں کے متعلق احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے، ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔دیگر مقدمات کے حوالے سے بھی ڈی پی او کی طرف سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت "کے نظریہ کے تحت خدمات فراہم کی جا سکیں اور FIR کا اندراج طے شدہ دورانیہ کے مطابق یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی آفیسر نے سکیورٹی معاملات میں سستی کی یا جاری کردہ ہدایات و وضع کردہ پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی نہ بنایا تو اس متعلقہ آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر پراگریس چیک کی جارہی ہے اور شہریوں سے فیڈ بیک لیا جارہا ہے، ڈی پی او نے مزید کہا کہ اگر کسی شہری کو اس معاملہ میں پولیس سے کوئی بھی شکایت ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، شہریوں کی شکایت کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے گا۔

ترجمان پولیس بہاولپور

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو الیکشن 2024 کی سکیورٹی، سماج دشمن عناصر کی گرفتاری و ضلع میں کرائم کنٹرول کے متعلق متعدد احکامات جاری کر دیئے